سبق: ۱۷

# بیٹی کا خط باپ کے نام




پپلی ۔ پوری

بتاریخ ۱۴؍اپریل ۲۰۰۸ء

محترم ابا جان     السلام علیکم

میں خیریت سے ہوں اور خدا کی بارگاہ میں آپ کی خیریت چاہتی ہوں ۔ آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ میں دوسری جماعت سے کامیاب ہوکر تیسری جماعت میں پڑھ رہی ہوں ۔ اس بار امتحان میں پوری جماعت میں اول آئی ہوں ۔ سارے استاد مجھ سے خوش ہیں ۔

اپریل کی پہلی تاریخ کو ہمارے اسکول میں اُتکل دوس (یومِ اڈیشا) بڑے دھوم دھام سے منایا گیا ۔ اب پڑھائی شروع ہوچکی ہے ۔ سرکار کی طرف سے کتابیں مفت مل چکی ہیں ۔ مجھے کاپی اور کاغذ خریدنے کی ضرورت ہے ۔ آپ اس سلسلے میں دوسو روپے ڈاک سے روانہ فرمائیں ۔

امی جان، زینت اور کیف کی طرف سے سلام عرض ہے ۔ آپ ہم سب کی پڑھائی اور سلامتی کے لئے دعا فرماتے رہیں ۔ جواب کا انتظار رہے گا ۔

فقط

آپ کی پیاری بیٹی

نجمہ

بخدمت

جناب زاہد حسین

ساکن ۔ اڑیا بازار

پوسٹ ۔ بخشی بازار

کٹک

منجانب

نجمہ خاتون

ساکن ۔ پپلی

پوسٹ ۔ پپلی

ضلع ۔ پوری

## الفاظ اور معانی

| لفظ | معنی | لفظ | معنی |
|---|---|---|---|
| خیریت | بھلائی | جماعت | کلاس |
| روانہ کرنا | بھیج دینا | سلامتی | بھلائی |

## مشق

۱۔سوچیے اور بتایے:

(الف) خط کس نے لکھا ہے؟

(ب) بیٹی نے خط کہاں سے لکھا ہے؟

(ج) سارے اساتذہ اس سے خوش کیوں ہیں؟

(د) اتکل دوس کب منایا گیا؟

(و) بیٹی کو ۲۰۰/روپے کی ضرورت کیوں ہے؟

(ہ) اپنے باپ سے کس چیز کی دعا کرنے کہہ رہی ہے؟

۲۔ نیچے دیے گیے لفظوں کو لکھیے :۔

خیریت امتحان تاریخ اتکل دوس سلامتی بخدمت

۳۔ نیچے دیے گیے حرفوں کو ملا کر لفظ بنایئے :۔

ج+م+ا+ع+ت = ......................... ک+ا+غ+ذ = ..........................

س+ل+ا+م = ......................... خ+و+ش+ی = ..........................

ا+پ+ر+ی+ل = ......................... م+ف+ت = ..........................